کووڈ-19 K – 12 طلبہ کے لیے اسکریننگ ٹول
براہ کرم اسکول مین داخل ہونے سے قبل مکمل کریں۔

STOP

نام: _____ تاریخ: _____ وقت: _____

1. کیا طالب علم کو درج ذیل میں سے کوئی بھی نئی یا بدتر ہونے والی علامت درپیش ہے؟*

☐ ہاں ☐ نہیں

ذائقے یا بو کا فقدان

☐ ہاں ☐ نہیں

سانس لینے میں پریشانی

☐ ہاں ☐ نہیں

کھانسی

☐ ہاں ☐ نہیں

بخار > C˚37.8

☐ ہاں ☐ نہیں

متلی، الٹی یا اسہال

☐ ہاں ☐ نہیں

گلے میں خراش یا نگلنے میں پریشانی

☐ ہاں ☐ نہیں

سر درد

☐ ہاں ☐ نہیں

ناک بند ہونا یا بہنا

☐ ہاں ☐ نہیں

علیل، عضلہ میں درد یا تھکا ہوا محسوس کرنا

اگر کسی بھی علامت پر "ہاں" کہا تو:

گھر پر رہیں اور خود کو آئسولیٹ کریں

جانچ کروائیں

+

یا

نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں

2. کیا آپ کے گھرانے میں کسی کو مذکورہ بالا علامات میں سے ایک یا زائد درپیش ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

3. کیا آپ کے گھرانے میں کسی نے پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

4. کیا آپ کے گھرانے میں کسی کی نشاندہی کووڈ-19 والے کسی فرد کے قریبی رابطے کے بطور ہوئی ہے یا انہیں گھر پر رہنے اور خود کو آئسولیٹ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر سوال 2، 3 یا 4 کا جواب "ہاں" میں دیا تو:

گھر پر رہیں

+

ٹورنٹو پبلک ہیلتھ کے مشورے پر عمل کریں

*جن بچوں کو نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی تشخیص کردہ کوئی ایسی موجودہ صحت کی کیفیت لاحق ہو جس میں وہی علامات ہوں تو آپ کو ہاں میں جواب نہیں دینا چاہیے، الّا یہ کہ علامات نئی، مختلف ہو یا بگڑ رہی ہو۔ اپنے بچے کی معمول کی علامات سے ہونے والی تبدیلیوں پر نگاہ رکھیں۔

میرے بچے کو کووڈ-19 کی 1 یا زائد علامات درپیش ہیں، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

کیا آپ کا بچہ کسی ایسے فرد کا قریبی رابطہ تھا جس کی کووڈ-19 کی جانچ مثبت تھی؟

نہیں

- اپنے بچے کے اسکول کو مطلع کریں کہ انہیں علامات درپیش ہیں۔
- آپ کے بچے کو چاہیے کہ گھر پر رہے، خود کو آئسولیٹ کرے اور جانچ کرائے۔
- اسکولی ادارے میں جانے والے گھرانے کے کسی بھی فرد پر لازم ہے کہ تب تک گھر پر رہے اور خود کو آئسولیٹ کرے جب تک بچے کی جانچ منفی نہ ہو جائے۔

ہاں

- گھرانے کے ہر فرد کو چاہیے کہ گھر پر رہیں اور خود کو آئسولیٹ کریں۔ اپنے بچے کی جانچ کرائیں۔
- اگر مثبت ہو تو، اپنے بچے کے اسکول کو مثبت نتیجے سے مطلع کریں۔ ٹورنٹو پبلک ہیلتھ مزید ہدایات کے ساتھ فالو اپ کرے گا۔
- اگر منفی ہوتو، آپ کے بچے کو آخری بار اس شخص کی زد میں آنے کے بعد سے جو مثبت تھا، اب بھی 14 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا ہوگا۔ گھرانے میں کسی بھی بچے کو تب تک اسکول سے خود کوآئسولیٹ کرنا چاہیے جب تک قریبی رابطہ والا فرد سیلف آئسولیشن مکمل نہ کر لے۔
- اگر آپ کے بچے کی جانچ نہیں ہوئی ہے تو انہیں 10 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا ہوتا ہے۔ گھرانے کے روابط کو بھی گھر پر رہنا اور 14 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا ہوگا۔

آپ کے بچے کی کووڈ-19 کی جانچ کا نتیجہ کیا تھا؟

جانچ نہیں ہوئی

- آپ کے بچے پر لازم ہے کہ اپنی علامات شروع ہونے کے دن سے 10 دنوں تک گھر پر رہے اور خود کو آئسولیٹ کرے۔
- 10 دنوں کے بعد اگر ان کی علامات بہتر ہو رہی ہیں تو وہ اسکول واپس جا سکتے ہیں۔
- اسکولی ادارے میں جانے والا گھرانے کا کوئی بھی فرد 14 دنوں تک گھر پر رہے گا۔
- اگر نگہداشت صحت فراہم کنندہ نے ایسی کیفیت کی تشخیص کے ہے جس کا تعلق کووڈ19- سے نہیں ہے تو، آپ کے بچے اپنی علامات بہتر ہونے کے 24 گھنٹے بعد اسکول واپس جا سکتے ہیں۔ گھرانے کے باقی افراد اسکول جا سکتے ہیں۔

منفی

- آپ کے بچے کی علامات بہتر ہونا شروع ہونے کے بعد سے 24 گھنٹے گزرنے کے بعد وہ اسکول واپس جا سکتے ہیں۔
- سگے بھائی بہن اسی وقت اسکول واپس جا سکتے ہیں تاوقتیکہ انہیں علامات درپیش نہ ہوں۔
- جو بالغ افراد اسکولی ادارے میں جاتے ہیں وہ اسی وقت اسکول واپس جا سکتے ہیں تاوقتیکہ انہیں علامات درپیش نہ ہوں۔

مثبت

- اپنے بچے کے اسکول کو بتائیں کہ کووڈ-19 کی ان کی جانچ مثبت ہے۔
- آپ کے بچے پر لازم ہے کہ اپنی علامات شروع ہونے کے دن سے 10 دنوں تک گھر پر رہے اور خود کو آئسولیٹ کرے۔
- گھرانے کے ممبران اور قریبی روابط پر لازم ہے کہ کم از کم 14 دنوں تک گھر پر رہیں اور خود کو آئسولیٹ کریں۔
- ٹورنٹو پبلک ہیلتھ ایک تفتیش کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا اور مزید ہدایات فراہم کرے گا۔

اگر آپ کے گھرانے میں کسی نے بھی پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر کا سفر کیا ہے تو، جس شخص نے سفر کیا ہے اس سے 14 دنوں تک خود کو آئسولیٹ کرنا مطلوب ہے۔ گھرانے کے ہر فرد کو بھی تب تک اسکول سے ناغہ کر کے گھر پر رہنا ہوگا جب تک سفر کرنے والا شخص 14 دن کا کورنٹین مکمل نہ کر لے۔ اگر وہ فرد سفری کورنٹین سے اس وجہ سے مستثنی ہے کہ وہ لازمی کام انجام دیتا ہے (جیسے ٹرک ڈرائیور، پائلٹ) تو گھرانے کے باقی افراد اب بھی اسکول جا سکتے ہیں۔